قافلہ معاد

انا للہ وانا الیہ راجعون

----○ گذشتہ دنوں ہمارے ایک محترم بزرگ اور راولپنڈی کی معروف دینی شخصیت حضرت مولانا عبدالستار توحیدی انتقال فرما گئے۔ انا اللہ وانا الیہ راجعون مرحوم انتہائی جری اور حق گو عالم دین تھے۔ جمعیتہ علماء اسلام کے سرگرم راہ نماؤں میں ان کا شمار ہوتا تھا' متعدد دینی تحریکات میں حصہ لیا اور قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں حضرت مولانا غلام غوث ہزاریؒ اور حضرت مولانا مفتی عبد الواحدؒ کے قریبی دوستوں اور ساتھیوں میں سے تھے اور سادہ منش بزرگ تھے۔

----○ گوجرانوالہ میں تبلیغی جماعت کے امیر اور مرکزی جامع مسجد کی انتظامیہ کے صدر حاجی عبدالکریم بھی گزشتہ ماہ انتقال کر گئے انا اللہ وانا الیہ راجعون مرحوم خدا ترس اور ممتاز اہل علم کی صحبت سے مستفید ہوے والے بزرگ تھے اور دعوت و تبلیغ کے عمل میں سرگرمی کے ساتھ شریک تھے۔

----○ گوجرانوالہ کے ایک اور پرانے بزرگ الحاج لالہ غلام رسول کا بھی گذشتہ دنوں انتقال ہوگیا انا اللہ و انا الیہ راجعون مرحوم ایک متدین' عبادت گزار اور مخیر بزرگ تھے مساجد و مدارس اور دینی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے اور شہر کی سرکردہ شخصیات میں سے تھے۔

----○ راولپنڈی کے بزگ عالم دین حضرت مولانا قاری محمد امین آف ورکشاپی محلہ کی بہو اور مولانا محمد اخلاق کی اہلیہ گذشتہ دنوں حالت زچگی میں دار فانی سے کوچ کر گئیں انا اللہ وانا الیہ راجعون۔

اللہ تعالٰی مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ دیں اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق سے نوازیں آمین یاالہ العٰلمین۔

ادارہ

مولانا زاہد الراشدی کا برطانیہ میں قیام۔

مدیر الشریعہ مولانا زاہد الراشدی نے اپنے ذاتی حالات اور ملک کی مذہبی سیاست کی موجودہ صورت حال پر عدم اطمینان کے باعث کچھ عرصہ تک برطانیہ میں قیام کا فیصلہ کیا ہے اور اس وقت لندن میں مقیم ہیں۔ ان سے اس پتہ پر خط و کتابت کی جا سکتی ہے۔

Maulana Zahid - Ur- Rashdi
Markaze - Khatm - E - Nubuwwat
35 Stock Well Green London sw 9
UK

تاہم ماہنامہ الشریعہ کی اشاعت حسب سابق انہی کی زیر ادارت جاری رہے گی۔ انشاء العزیز (ادارہ)